# دی پریپ سکول

جماعت: سوم　　　　　　　　　　　　ورک شیٹ

نظم ''بچے کی دعا''

**کالم الف میں دیے گئے اشعار کالم ب میں دیے گئے درست مفہوم (مطلب) سے ملائیے۔**

## کالم الف

ہونٹ　خواہش
لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
موم بتی

دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے

ملک
ہو مرے دم سے یونہی میرے وطن کی زینت
باغ　خوب صورتی
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت

## کالم ب

میں ایسا انسان بنوں کہ جہاں جاؤں وہاں سب برائیاں ختم ہو جائیں اور میرے اچھے کاموں اور علم سے دوسروں کو فائدہ پہنچے۔

میری وجہ سے میرا وطن اسی طرح خوب صورت اور خوش حال ہو جائے جس طرح پھولوں کی وجہ سے باغ خوب صورت لگتا ہے۔

اے اللہ! میرے ہونٹوں پر یہ دعا رہتی ہے جو میری خواہش بھی ہے کہ میری زندگی شمع (موم بتی) جیسی ہو۔ میں اچھا انسان بنوں اور اپنے اچھے کاموں سے لوگوں کو فائدہ پہنچاؤں۔

LIVEWORKSHEETS

## کالم الف

پروانہ / اڑنے والا کیڑا

زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب!

طرف داری

ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا

ہمدردوں بوڑھوں

مرے اللہ! برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو، اس رہ پہ چلانا مجھ کو

## کالم ب

میں غریبوں کا خیال رکھوں اور ان کی مدد کروں۔ میں پریشان، دکھی اور بوڑھے لوگوں سے محبت کروں۔

اے اللہ! مجھے برائی سے بچا اور ہمیشہ اچھے راستے پر چلا۔

اے اللہ! میری زندگی اس پروانے کی طرح ہو جو روشنی پسند کرتا ہے اور اس کے ارد گرد چکر لگاتا رہتا ہے۔ اے اللہ! مجھے بھی اسی طرح علم سے محبت ہو جائے اور میں شوق سے علم حاصل کروں۔

LIVEWORKSHEETS